حقیقت ایمان - از سید ابوالاعلیٰ مودودی، مدیر ترجمان القرآن۔ قیمت ۴ر

ملنے کا پتہ:- دارالاشاعت نشاۃ ثانیہ، ملے پلی جدید، حیدرآباد دکن۔

یہ کتابچہ خطباتِ مؤلفہ مولانا مودودی کے پہلے دو خطبوں پر مشتمل ہے۔

مقاصد قرآن - از جناب سید حبیب احمد صاحب مختیاری۔ قیمت ۱۲ر

ملنے کا پتہ:- مکتبہ نشاۃ ثانیہ، حیدرآباد، دکن۔

یہ جناب مولف کا ایک پرانا مضمون ہے جو ترجمان القرآن میں حیدرآبادی دور میں بالاقساط شائع ہوا تھا۔ اب کسی نظرثانی کے بغیر کتابی شکل میں طبع ہوا ہے۔ نظام دین کے متعلق اچھی دینی معلومات اس سے حاصل ہوسکتی ہے۔

علماء اور اسلام - از جناب محمد مظہر الدین صاحب صدیقی۔ قیمت ۱۴ر

ملنے کا پتہ:- مکتبہ نشاۃ ثانیہ، پنچ گوڑہ، حیدرآباد، دکن۔

اس رسالے کے پہلے ایڈیشنوں پر ریویو ہوچکا ہے۔ اب تیسرا ایڈیشن پیش نظر ہے اور اس میں علماء کی مساعی پر تنقید کرنے کے بعد صحیح راہ عمل بھی پیش کردی گئی ہے۔ یہ چیز پہلے ایڈیشنوں میں نہ تھی۔

مسلمانوں کے تنزل سے دنیا کو کیا کیا نقصان پہنچا - از جناب ابوالحسن صاحب ندوی۔ قیمت تین روپے۔

ملنے کا پتہ:- مکتبہ اسلام لکھنؤ

فاضل مؤلف کی یہ کتاب آپ کو بتائے گی کہ عرب کی جماعت اسلامی کا ظہور دنیا کی تاریکیوں میں بالکل ایک آفتاب کا طلوع تھا اور ان کا اخلاقیاتی اور خداپرستانہ نظام حیات کتنے بڑے فیوض اپنے ساتھ لایا، پھر کیسے اس انقلابی جماعت پر انحطاط طاری ہوا اور دنیا کی امامت سے اس کے ہٹ جانے کی وجہ سے کیا کیا فسادات ابھر ابھر کے عالم انسانی کو برباد کررہے ہیں۔ کتاب کا انداز دعوتی ہے اور اس کا مدعا مسلمانوں کو ان کی ذمہ داریوں پر از سر نو توجہ دلانا ہے۔

حضرت مولانا محمد الیاس مرحوم اور ان کی دینی دعوت - الفرقان بریلی کی اشاعت خاص۔ مرتبہ: مولانا ابوالحسن صاحب ندوی۔

مولانا محمد الیاس مرحوم میواتی کے نام اور کام سے ایک حد تک